1989ء سے مسلسل اشاعت | 2 تا 8 جون 2023 | شمارہ نمبر 23 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM™

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TIJWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli
paper products

Indah Kiat
Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
بزنس مین پینل





BMG
بزنس مین گروپ

کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر






Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725




# CARBONLESS PAPER

## NCR, CFB ,CB ,CF ,SC

Impressions Pindo 2000 is a prenium quality carbonless paper that gives excellent printing and the best intensity performence. Its quality, appearance and the performence are guaranteed to satisfy even the most demanding end user

**For booking please contact**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

Head Office: First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road
Karachi-74000
UAN: 111-IBM-PAK I Tel: +92-21-32627061-63 I Fax: +92-21-32629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web: ibmpakistan.com

Brands of the year Award — ITS ALL ABOUT CHAMPION
Brands of the year Award — 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

APP




IBM



# AQNA
## Brands

## Products of PINDO DELI



ہم سا ہو تو سامنے آئے

# SELF ADHESIVE STICKER PAPER

## 100% Cast Coated, Mirror Coat

## Acrylic Glue with water Base

## Quality Similar to Lintec

**FOR BOOKING PLEASE CONTACT**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™ International Business Management
ISO 9001:2015 CERTIFIED

HEAD OFFICE: First Floor, Darul Hina Building, Tayabje Road, Karachi-74000.
UAN : 111-IBM PAK
Tel : +92-2132627061-63
Fax : +92-2132629786
Email : saleem.bikiya@ibmpak.com
Web : ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010-11

Brands of the year Award™ 2010 IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

اشاعت: بروز جمعۃ المبارک — قیمت 100 روپے

# پیپر بزنس

**پبلشرز: حرا رؤف**

نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

شمارے کے صفحات: 22 رنگین، 18 عمومی

**بانی: محمد رؤف**

ایڈیٹوریل بورڈ:

پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف

اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی

پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی

سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری

معاون: عدنان انصاری

**رابطہ آفس**

A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر،

بلاک M، نارتھ ناظم آباد،

بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی

weeklypaperbusiness@gmail.com

فون: 0300-2933229

ویب سائٹ: weeklypaperbusiness.com

**چارجز: (سالانہ)**

بمعہ کوریئر (کراچی) 2500 روپے

بمعہ کوریئر (بیرون کراچی) 3000 روپے

کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے

بمعہ ڈیجیٹل ایڈیشن 1000 روپے

آن لائن ادائیگی: Summit بینک پیپر مارکیٹ کراچی

IBAN No: PK72SUMB025602714112960


# اپیما کی عید ملن تقریب منگل 6 جون کو ہوگی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن سدرن زون کی روایتی عید ملن تقریب 2023 منگل 6 جون کو مقامی بینکویٹ ہال میں منعقد ہوگی۔ اپیما کے ایک اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اپیما کے ممبران کو دعوت نامے جاری کئے جائیں گے جو ایک فرد کے لئے کار آمد ہوگا۔ اعلامیہ میں کہا گیا ہے کہ اگر ممبران اپنے عزیز و اقارب، دوستوں یا بزنس پارٹنرز کو بھی تقریب میں لانا چاہتے ہیں تو دفتر ایسوسی ایشن سے ادائیگی کر کے اضافی کارڈ حاصل کر سکتے ہیں۔ اپیما نے ممبران سے کہا ہے کہ وہ کسی بھی قسم کی پریشانی سے بچنے کے لئے دعوت نامہ ہمراہ لائیں۔

## کراچی کے تاجروں کو ایک دن میں اماراتی ویزا دینے کا اعلان

کراچی (نیوز ڈیسک) متحدہ عرب امارات کراچی کے قونصل جنرل بخیت عتیق الرحمتی نے کہا ہے کہ کراچی میں متحدہ عرب امارات کا قونصل خانہ کراچی کے تاجروں کو ایک دن میں ویزے کا اجراء کرے گا، یہ بات انھوں نے جمعرات 25 مئی 2023 کو فیڈریشن ہاؤس کے دورے کے موقع پر قائم مقام صدر ایف پی سی سی آئی سلیمان چاولہ اور دیگر سے بات چیت میں کیا، سلیمان چاولہ نے متحدہ عرب امارات کے کراچی قونصل خانے میں اس کے ایشیا کے سب سے بڑے ویزا اسینٹر کے افتتاح اور آپریشنل ہونے کا خیر مقدم کیا ہے اور اسے دونوں برادر ممالک کے درمیان پیپل ٹو پیپل اور بزنس ٹو بزنس تعلقات کو فروغ دینے میں ایک اہم سنگ میل قرار دیا۔ سلیمان چاولہ نے کہا کہ یہ اقدام پاکستانی تاجروں، صنعتکاروں، سرمایہ کاروں، برآمد کنندگان کو کاروبار اور ٹورازم کے لیے اپنی ترجیحی منزل کے طور پر متحدہ عرب امارات کی مختلف ریاستوں کا انتخاب کرنے کی ترغیب دینے کے لیے مہمیز کا کام دے گا۔

## سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کا غیر معمولی اجلاس عام

کراچی (پیپر بزنس نیوز) سینچری پیپر اینڈ بورڈ ملز لمیٹڈ کا ایک غیر معمولی اجلاس عام 21 جون 2023 پی ایس ایکس آڈیٹوریم پاکستان اسٹاک ایکسچینج بلڈنگ میں منعقد ہوگا۔ جس میں کمپنی کے منظور شدہ سرمایہ کو 4.1 ارب سے 10 ارب روپے تک بڑھانے کی منظوری حاصل کی جائے گی۔

## غیر ملکی ایئرلائنز کی پاکستان پر عائد پابندیاں اور شرائط ختم

کراچی (نیوز ڈیسک) ٹریول انڈسٹری اور بیرون ملک سفر کرنے والوں کے لئے اچھی خبر، زرمبادلہ مسائل کی وجہ سے غیر ملکی ایئرلائنز نے پاکستان پر عائد پابندیوں اور شرائط میں نرمی کا اعلان کر دیا، انڈسٹری ذرائع کے مطابق ایمریٹس، ٹرکش اور اتحاد ایئرلائن نے کچھ عرصہ قبل پاکستان سے ترسیلات زر باہر منتقل نہ ہونے کی وجہ سے پاکستان سے ٹکٹوں کا اجراء بند کر دیا تھا، اب 31 مئی کے بعد یہ پابندی ختم کرنے کا اعلان کر دیا ہے ٹریول انڈسٹری ذرائع کے مطابق ان ایئرلائنز نے اپنے ایجنٹس کو اس پابندی کے خاتمے سے آگاہ کر دیا ہے، جس سے عالمی روٹس پر کرایوں میں نمایاں کمی ہوگی، یورپ کا ٹکٹ 2 سے ڈھائی لاکھ تک سستا ہو جائے گا۔ تفصیلات کے مطابق موجود حکومت نے زرمبادلہ کے ذخائر میں کمی کو روکنے کے لئے تمام انڈسٹریز کے لئے زرمبادلہ باہر بھیجنے سے قبل اسٹیٹ بینک سے اجازت لازم قرار دے دی تھی، اس فیصلے سے جہاں ملکی امپورٹ بری طرح متاثر ہوئیں وہاں ٹریول انڈسٹری بھی بحران کا شکار ہو گئی، غیر ملکی ایئرلائنز کی ترسیلات زر نہ ہونے کے باعث ایئرلائنز نے پاکستان کی مارکیٹ کے لیے اپنی پالیسیاں تبدیل کر کے سخت شرائط عائد کر دیں، ان شرائط کے تحت ایک ہی سیکٹر کے لیے پاکستان سے اگر ٹکٹ خریدے جاتے تو اس کا ریٹ بیرون ملک سے بنوائے کے ٹکٹ سے کہیں زیادہ ہو گیا تھا، یورپ کے روٹس پر پاکستان اور بیرون ملک سے خریدے گئے ٹکٹ میں 2 سے 3 لاکھ تک فرق آ گیا۔

## سندھ کا بجٹ 10 جون کو پیش ہوگا

کراچی (نیوز ڈیسک) سندھ حکومت کا بجٹ 10 جون 2023 کو پیش کیا جائے گا، واضح رہے کہ آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ 9 جون کو پیش کیا جائے گا، محکمہ خزانہ سندھ کی جانب سے بجٹ تاریخ کا اعلان کرتے ہوتے ہوئے کہا گیا ہے کہ سندھ کا آئندہ مالی سال کا بجٹ 10 جون کو پیش کیا جائے گا۔ یہ بجٹ وزیر اعلی سندھ پیش کریں گے، واضح رہے کہ آئندہ مالی سال کا وفاقی بجٹ 9 جون کو پیش کیا جائے گا۔

## 2023-24 کا بجٹ 9 جون کو ہی پیش ہوگا، وزارت خزانہ

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) وزارت خزانہ نے اس بات کی تصدیق کی ہے کہ مالی سال 24 -2023 کا بجٹ 9 جون کو ہی پیش ہوگا جبکہ سالانہ پلان کو آرڈینیشن کمیٹی کا اجلاس 2 جون اور قومی اقتصادی کونسل کا اجلاس 3 جون کو طلب کر لیا گیا ہے وفاقی ترقیاتی پروگرام کی مد میں 700 ارب مختص کیے گئے ہیں تاہم وزیر اعظم شہباز شریف ترقیاتی پروگرام ایک ہزار ارب تک بڑھا سکتے ہیں۔ اگلے مالی سال کے بجٹ کا مجموعی حجم 14 ہزار 600 ارب سے رکھنے کی بھی تجویز ہے، بجٹ میں عوام کو ریلیف دینے کیلئے کمیٹیاں بھی قائم کر دی گئی ہیں۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# 2022 میں پیپر بورڈ (4805) کی درآمدات میں اضافہ

## گریس پروف، ٹریسنگ، گلیسین، گلیزڈ ٹرانسپیرنٹ اور امبوزڈ پیپر کی درآمدت میں کمی

کراچی (پیپر بزنس نیوز) وفاقی ادارہ شماریات کے جاری کردہ اعداد و شمار کے مطابق 2021 کے مقابلے میں 2022 میں (4805.9210 اور 4805.9310) پیپر بورڈ کی درآمدات میں اضافہ دیکھنے میں آیا ہے اور اس کی درآمدت میں چین سرفہرست ہے۔ مختلف ملکوں سے اس آئٹم کی درآمد میں (4805.9210) دو ہزار ٹن سالانہ کا اضافہ دیکھنے میں آیا ہے جو 4853 سے بڑھ کر 6190 ٹن ہوگئی جبکہ 4805.9310 کی درآمد میں چار سو ٹن اور 4805.9390 میں 800 ٹن اضافہ ہوا اس طرح مجموعی طور پر تین ہزار دو سو ٹن کا اضافہ ہوا جس سے اس کی مجموعی مالیت گیارہ ارب روپے تک پہنچ گئی ہے۔ اسی مدت کے دوران خصوصی اقسام کے پیپر گریس پروف (4806.2000) کی مقدار 41 ٹن سے کم ہوکر 36 ٹن رہ گئی۔ ٹریسنگ پیپر 104 ٹن سے کم ہوکر 83 ٹن ہوگئی۔ گلیسین پیپر (4806.4010) کی درآمدت 1520 ٹن سے کم ہوکر 1486 ٹن ہوگئیں۔ گلیزڈ ٹرانسپیرنٹ پیپر (4806.4090) کی درآمدت 374 ٹن سے بڑھ کر 679 ٹن ہوگئیں۔ کریپڈ پیپر/امبوزڈ (4808.9000) کی درآمدات 129 ٹن سے کم ہوکر 83 ٹن رہ گئیں۔ ذیل میں ان آئٹمز کی مختلف ممالک سے درآمدات کی تفصیل دی گئی ہے۔

# IMPORTS OF SPECIAL TYPES PAPERS FROM THE WORLD

## IMPORTS BY COMMODITES AND COUNTRIES

| HS Code | Countries | JUL 21 TO JUN 22 | | JUL 20 TO JUN 21 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Quantity - Kg | Rupees in 000 | Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 48059210 | PAPER / BOARD WEIGHT 225 G DI-ELE ST.5KV / MM | | | | |
| | Bangladesh | 23,206 | 3,709 | ...... | ...... |
| | China | 2,478,579 | 344,629 | 75,403 | 8,530 |
| | Finland | 17,054 | 2,135 | 192,043 | 21,478 |
| | Germany | ...... | ...... | 416,099 | 47,920 |
| | Indonesia | 99,194 | 21,264 | ...... | ...... |
| | Japan | 108,826 | 13,689 | ...... | ...... |
| | Sweden | 271,407 | 33,474 | 993,449 | 101,029 |
| | Thailand | 2,980,633 | 487,683 | 2,284,884 | 248,282 |
| | U.S.America | 211,756 | 27,845 | 191,886 | 19,943 |
| | **Total** | **6,190,655** | **934,428** | **4,153,764** | **447,182** |
| 48059310 | PAPER / BOARD WEIGHT 225 G OR > DI-ELE ST.5KV / MM | | | | |
| | China | 1,570,202 | 369,384 | 1,863,734 | 319,946 |
| | Europien Union | 380,837 | 56,187 | ...... | ...... |
| | Indonesia | 501,544 | 87,953 | ...... | ...... |
| | Sweden | 100,677 | 23,427 | 325,288 | 50,567 |
| | Switzerland | 49,777 | 9,599 | 63,664 | 12,185 |
| | U.S.America | 71,694 | 10,006 | 25,991 | 3,541 |
| | Ukraine | 101,128 | 19,952 | 71,814 | 14,517 |
| | Germany | 40,068 | 5,946 | 52,212 | 9,817 |
| | **Total** | **2,815,927** | **582,454** | **2,402,703** | **410,573** |
| 48059390 | OTHER UNCOATED PAPER / BOARD WEIGHT 225 G /M2 | | | | |
| | China | 487,843 | 100,951 | 236,464 | 36,799 |
| | Germany | 556,416 | 108,666 | 429,530 | 45,366 |
| | Indonesia | 756,335 | 123,181 | 567,273 | 60,878 |
| | Korea | 73,110 | 7,708 | 47,834 | 4,205 |
| | O.Asia(Tai.For.Pe.Ki | 98,270 | 17,401 | 117,787 | 17,419 |
| | Swaziland | 15,582 | 3,608 | ...... | ...... |
| | Switzerland | 30,820 | 6,560 | ...... | ...... |
| | Thailand | 777,836 | 118,142 | 263,290 | 32,809 |
| | U A E | 8,100 | 1,341 | 14,363 | 2,152 |
| | **Total** | **2,804,312** | **487,558** | **1,676,541** | **199,628** |
| 48062000 | GREASE PROOF PAPERS | | | | |
| | China | 18,297 | 4,489 | 18,262 | 4,212 |
| | Europien Union | ...... | ...... | 18,800 | 5,238 |
| | Indonesia | 13,105 | 3,283 | ...... | ...... |
| | Saudi Arabia | ...... | ...... | 1,050 | 234 |
| | U.S.America | 1,611 | 801 | 3,086 | 1,839 |
| | U A E | 3,580 | 841 | 429 | 109 |
| | **Total** | **36,593** | **9,414** | **41,627** | **11,632** |

| HS Code | Countries | JUL 21 TO JUN 22 | | JUL 20 TO JUN 21 | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | Quantity - Kg | Rupees in 000 | Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 48063000 | TRACING PAPERS | | | | |
| | Belgium | 200 | 65 | 1,200 | 302 |
| | China | 63,908 | 12,072 | 54,488 | 11,777 |
| | Japan | ...... | ...... | 1,400 | 373 |
| | U.S.America | 350 | 94 | ...... | ...... |
| | United Kingdom | 18,545 | 4,991 | 47,869 | 12,217 |
| | **Total** | **83,003** | **17,222** | **104,957** | **24,669** |
| 48064010 | PAPER, GLASSINE | | | | |
| | China | 1,341,462 | 222,588 | 1,394,877 | 235,649 |
| | Germany | ...... | ...... | 40,303 | 15,903 |
| | Indonesia | 145,335 | 31,157 | 85,529 | 16,504 |
| | **Total** | **1,486,797** | **253,745** | **1,520,709** | **268,056** |
| 48064090 | OTHER GLAZED TRANSPARENT PAPER | | | | |
| | China | 402,150 | 63,673 | 240,511 | 42,959 |
| | Czech Republic | 96,281 | 20,030 | 87,106 | 17,961 |
| | France | 147,045 | 29,906 | 45,399 | 9,248 |
| | O.Asia(Tai.For.Pe.Ki | 19,906 | 2,590 | ...... | ...... |
| | Sweden | 14,000 | 1,943 | ...... | ...... |
| | United Kingdom | ...... | ...... | 1,747 | 1,582 |
| | **Total** | **679,382** | **118,142** | **374,763** | **71,750** |
| 48081000 | CORRUGATED PAPER & PAPER / BOARD PERFORT | | | | |
| | China | 4,186 | 784 | 2,014 | 305 |
| | Switzerland | 200 | 111 | ...... | ...... |
| | **Total** | **4,386** | **895** | **2,014** | **305** |
| 48089000 | OTHER PAPER, CREPED / EMBOSSED / PERFORT | | | | |
| | China | 19,153 | 4,152 | 30,343 | 7,879 |
| | Europien Union | ...... | ...... | 3,910 | 1,385 |
| | Finland | 36,504 | 10,545 | 67,816 | 15,778 |
| | Korea | ...... | ...... | 20,100 | 5,110 |
| | O.Asia(Tai.For.Pe.Ki | 17,812 | 5,077 | ...... | ...... |
| | U.S.America | 1,808 | 603 | 1,869 | 712 |
| | United Kingdom | 7,857 | 2,360 | 5,201 | 1,542 |
| | **Total** | **83,134** | **22,737** | **129,239** | **32,406** |

| Grandt Total of Jul 21 To Jun 22 | |
|---|---|
| Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 14,184,189 | 2,426,595 |

| Grandt Total of Jul 20 To Jun 21 | |
|---|---|
| Quantity - Kg | Rupees in 000 |
| 10,406,317 | 1,466,201 |



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# جنوبی کوریا کے تجارتی وفد کا دورہ سکھر چیمبر۔ پرنٹنگ پیکجنگ سمیت دیگر شعبوں میں تعاون پر بات چیت

سکھر (پیپر بزنس نیوز) جنوبی کوریا کا کاروباری طبقے پر مبنی وفد جس میں ڈاکٹر عین الحق، یوسونگ کی اور مس چوان ینگ شامل تھے۔ سکھر ایوانِ صنعت وتجارت کا دورہ کیا اور ان کی آمد پر سینئر نائب صدر گرداس وادھوانی، سابق صدور انجنیئر عبدالفتاح شیخ، محمد رضوان الحق ملک اور سینئر اراکین نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ وفد نے بتایا کہ پرنٹنگ، پیکجنگ، کڑھائی، ہوزری آئٹمز و دیگر کی صنعتوں کا قیام یا مشترکہ منصوبوں کیلئے سرمایہ کاری کرنا ان کی آمد کا مقصد ہے۔ ڈاکٹر عین الحق نے آگاہ کیا کہ تین دہائیوں سے بنگلہ دیش اور کوریا میں صنعتیں قائم کر چکے ہیں جبکہ خیر پور اسپیشل اکنامک زون میں بھی ایک صنعت لگائی ہے جو اس سال دسمبر سے فعال ہوجائے گی۔ یوسونگ کی نے بتایا کہ 35 سال سے وہ پاکستان کو مشینری برآمد کررہے ہیں مگر یہ ان کا پاکستان کا پہلا دورہ ہے اور اس ملک میں کاروبار کے لحاظ سے بہت زیادہ استعداد ہے۔ مس چو ان ینگ نے بتایا کہ وہ یہاں کے نوجوانوں کی تخلیقی صلاحیت سے بہت زیادہ متاثر ہیں اور ان کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہتی ہیں۔ وفد کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈاکٹر عین الحق نے ایوان کے اراکین کو کوریا کا دورہ کرنے کی دعوت دی اور دوطرفہ باہمی تجارت وکاروبار کو فروغ دینے پر زور دیا۔ ڈاکٹر عین الحق نے بتایا کہ بنگلادیش میں کورین انڈسٹریل زونز قائم کیئے گئے ہیں جس کے باعث 60فیصد سرمایہ کار کورین ہیں۔ شرکاء نے آگاہ کیا کہ گندم، کپاس، چاول، کھجور، چھوہارا، مصالحے، جڑی بوٹیاں، آم، کیلا، دیگر زرعی پیداوار، الیکٹرانک آئٹمز کے شعبے سے وابستہ تاجر وصنعتکار سمیت دیگر جس میں تعلیم، بینکنگ، انشورنس، ٹرانسپورٹ و دیگر شعبوں پر مشتمل ادارے وافراد سکھر چیمبر کے اراکین ہیں اور ان تمام شعبوں سمیت دیگر میں جوائنٹ وینچر کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین بھی دلایا۔











لیڈر بزنس مین گروپ لاہور پیپر مارکیٹ، رکن منیجنگ کمیٹی لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری اور سابق سینئر وائس چیئرمین آل پاکستان پیپر مرچنٹس ایسوسی ایشن خامس سعید بٹ کی سربراہی میں ایک وفد ان دنوں گوانگزو چائنا میں منعقد ہونے والے 18ویں بین الاقوامی پلپ اینڈ پیپر ایکسپو چائنا کے دورے پر ہے، اس موقع پر لی گئی تصاویر۔ وفد نے گوانگزو میں قونصل جنزل پاکستان سردار محمد سے ملاقات کی، اس کے علاوہ صدر گوانگ زونگ پیپر ایسوسی ایشن Mr. Weng Zhuo سے ملاقات کی۔ سابق صدر ایسوسی ایشن Mr. Lv Tong Song بھی موجود ہیں۔ خامس سعید بٹ نے ان شخصیات کو لاہور چیمبر کے صدر کی جانب سے نیک خواہشات کا پیغام بھی پہنچایا۔ پیپر مرچنٹس کے وفد میں مغیث احمد باجوہ، محمود احمد سجانی اور محمد ارسلان عابد شامل ہیں۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

SP
SALMAN PAPER PRODUCTS (Pvt.) Ltd.

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road, Paper Market, Karachi.

Phone : 021-32216671, 2212081, 2601020

aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com




Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

OOCL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

IBM

&

APL

Shipping Line

# CONGRATULATIONS

IBM has always been at your service providing pathways to increase profit and reduce the cost of doing business.

We are glad to annouce that our customers will not have to pay container deposit anymore.



Printed on NEVIA Gloss- Art Paper, China, 113 Gsm, Contact For Booking IBM: 111-426-725

# اسٹیکر، بلیچ بورڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، ریٹیل مارکیٹ میں فائل کارڈ میں بھی کمی

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیوں میں اس ہفتے مندی دیکھنے میں آئی اور 31 مئی 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ ، رئیل ، چینمنگ ، پنڈو ڈیلی اور ایلی کنگ پرو، اسٹیکر پیپر یونگی اور گولڈن ٹیک جی ایس ایف اور فوٹو کاپی پیپر کے کچھ برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ جبکہ ریٹیل مارکیٹ میں فائل کارڈ پیرا ماؤنٹ بورڈ کی قیمتوں میں بھی کمی دیکھی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جوردوبدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ میں صورتحال اس طرح سے ہے کہ درآمدی بلیچ بورڈ ننگبو گولڈ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 415 روپے سے کم ہوکر 408 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچبورڈ رئیل چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام 410 روپے سے کم ہوکر 405 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ درآمدی بلیچبورڈ چینمنگ چائنا ریلز تمام سائز تمام گرام 425 روپے سے کم ہوکر 410 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ پنڈو ڈیلی انڈونیشیا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 410 روپے سے کم ہوکر 402 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ بلیچ بورڈ ایلی کنگ پرو چائنا شیٹس تمام سائز تمام گرام، 420 روپے سے کم ہوکر 410 روپے فی کلو ہوگئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1340 روپے سے کم ہوکر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1340 ، روپے سے کم ہوکر 1300 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام 1400 ، روپے سے کم ہوکر 1350 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1900 روپے سے کم ہوکر 1885 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 1375 روپے سے کم ہوکر 1290 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ کاپی پیپر دبئی 70 گرام A4 ، سائز 1350 روپے سے کم ہوکر 1280 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4200 روپے سے کم ہوکر 4100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 4200 ، روپے سے کم ہوکر 4100 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

ریٹیل مارکیٹ میں مقامی فائل کارڈ پیپرا ماؤنٹ بورڈ فور کلر، 22x28 سائز، 190 گرام، 1300 روپے سے کم ہوکر 1250 روپے، 22x28 سائز، 225 گرام، 1550 روپے سے کم ہوکر 1460 روپے، 22x28 سائز، 280 گرام، 1950 روپے سے کم ہوکر 1850 روپے، 22x28 سائز، 400 گرام، 2750 روپے سے بڑھ کر 3150 روپے فی پیکٹ ہوگیا ہے۔

# ڈالر اوپن مارکیٹ ریٹ 312 روپے تک پہنچ گیا

کراچی (بزنس ڈیسک) اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر میں اضافے کا رجحان جاری ہے اور ہر روز نیا ریکارڈ قائم ہو رہا ہے، منگل 30 مئی کو بھی یہ رجحان برقرار رہا اور امریکی کرنسی کی قدر اوپن مارکیٹ میں بڑھ کر 312 روپے کی نئی بلند ترین سطح پر آ گئی۔ وزیراعظم کے آئی ایم ایف سے رابطے اور 6.5 ارب ڈالر کے بیل آؤٹ پیکیج کے لیے مذاکرات میں ڈیڈلاک ختم کرنے کی کوششوں سے منگل 30 مئی کو انٹربینک میں محدود اتار چڑھاؤ کے بعد ڈالر کی پیش قدمی رک گئی مگر اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی اڑان جاری رہی جس سے ڈالر کے اوپن ریٹ مزید بڑھ کر 312 روپے کی نئی بلند ترین سطح پر آ گئے۔ انٹربینک مارکیٹ میں کاروباری دورانیے کے دوران آئی ایم ایف کی قرض پروگرام کی بحالی کو فارن کرنسی پالیسی پر تحفظات دور کرنے اور نئے بجٹ اقدامات شئیر کرنے سے مشروط کرنے جیسے عوامل اثر انداز رہے یہی وجہ ہے کہ کاروباری دورانیے میں ڈالر کی قدر میں محدود اتار چڑھاؤ دیکھا گیا۔ کاروبار کے آغاز پر ڈالر 16 پیسے گھٹ کر 285.25 روپے پر آ گیا تھا جس کے بعد ایک موقع پر 39 پیسے کے اضافے سے 285.80 روپے کی سطح پر بھی آیا تاہم کاروبار کے اختتام پر انٹربینک ریٹ 6 پیسے کی کمی سے 285.35 روپے کی سطح پر بند ہوئے۔ اس کے برعکس اوپن کرنسی مارکیٹ میں ڈالر مزید ایک روپے کے اضافے سے 312 روپے کی نئی بلند ترین سطح پر بند ہوا۔ اس طرح سے انٹربینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قدر کا فرق 26.65 روپے تک بڑھ گیا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے زرمبادلہ کی دونوں مارکیٹوں میں ڈالر کی قیمت میں اس نمایاں فرق کی وجہ سے بلیک مارکیٹ میں ڈالر کے طلب گاروں کی خریداری سرگرمیاں بڑھ گئی ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ بلیک مارکیٹ میں فی ڈالر کی قیمت ریگولر اوپن مارکیٹ ریٹ کی نسبت تقریبا 10 روپے زائد ہے جہاں طلب گار اور فروخت کنندگان بغیر کسی دستاویز کے ڈالر کا مبینہ لین دین کر رہے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ جون میں 3.7 ارب ڈالر کی ادائیگیوں کے علاوہ نئے مالی سال میں بھی پاکستان کو مختلف نوعیت کی بیرونی ادائیگیاں کرنی ہیں جبکہ اشیائے خورونوش سمیت دیگر لازمی اشیاء کی درآمدات کے لیے بھی 3.5 ارب ڈالر درکار ہیں۔ ان زمینی حقائق کے تناظر میں آئی ایم ایف کے ساتھ قرض پروگرام کی بحالی کا معاہدہ وقت کی اہم ضرورت ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ دوست ممالک کی جانب سے پاکستان کے ساتھ مالیاتی تعاون کے عندیے دیئے گئے ہیں لیکن تاحال دوست ممالک سے اس ضمن میں کوئی عملی اقدامات نہیں کیے گئے اور نہ ہی وہاں سے رقوم موصول ہوئی ہیں جس کی وجہ سے ملکی معیشت میں ڈالر کی اہمیت بڑھ رہی ہے اور روپے کی تسلسل سے تنزلی کا سبب بن گئی ہے۔


CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Colour Cards

COPY PAPER A4

CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# وفاقی حکومت کا 290 روپے ڈالر ریٹ پر بجٹ تیار کرنیکا فیصلہ

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) وفاقی حکومت نے 290 روپے ڈالر ریٹ پر بجٹ تیار کرنیکا فیصلہ کرلیا۔ وفاقی حکومت نے 290 روپے ڈالر ریٹ پر بجٹ تیار کرنے کا فیصلہ کیا ہے اور اس حوالے سے متعلقہ محکموں کو ہدایت جاری کردی ہیں کہ وہ بجٹ 2023-24 کیلیے 290 روپے ڈالر ریٹ کے مطابق اپنے تخمینے تیار کریں جس کی وجہ سے بجٹ کے غیر حقیقی ہونے کا امکان پیدا ہوگیا ہے۔ ڈالر ریٹ میں آنے والی کوئی بھی بڑی تبدیلی تمام حکومتی اعداد وشمار کو غیر حقیقی کردے گی اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی صورتحال پر قابو پانے کیلیے پھر حکومت کو سپلیمینٹری گرانٹس جاری کرنا پڑیں گی، ایکسچینج ریٹ دفاعی بجٹ، فارن ڈیبٹ سروسنگ، پبلک سیکٹر ڈیولپمنٹ پروگرام اور بیرون ملک کام کرنے والے پاکستانی مشنز کے اخراجات کو کیلکولیٹ کرنے کیلیے بہت اہم ہیں۔ ذرائع نے بتایا کہ وزارت خزانہ نے پہلے ڈالر ریٹ 300 رکھنے کا فیصلہ کیا تھا، لیکن بعد میں فیصلہ تبدیل کرتے ہوئے 290 روپے رکھا ہے، اختتام پذیر رواں سال کیلیے حکومت نے ڈالر کا تناسب 186 روپے رکھا تھا، تاہم یہ اوسط 249 روپے رہا ہے، جو کہ تخمینے سے 34 فیصد زیادہ ہے۔ واضح رہے کہ 30 مئی کو انٹر بینک میں ڈالر 285.31 پر ٹریڈ ہوتا رہا، جو کہ اوپن مارکیٹ کے مقابلے میں 27 تا 30 روپے کم ہے، وزیر خزانہ اسحاق ڈار نے اپنے ایک انٹرویو میں ڈالر کی اصل قدر 240 روپے قرار دی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ رواں سال ڈالر کی نامناسب ریٹ پر بجٹ تیار کرنے کی وجہ سے انفارمیشن، کامرس، فارن افیئرز اور اکنامک افیئرز کی وزارتوں نے ایڈیشنل گرانٹس حاصل کی ہیں، ذرائع کے مطابق مجوزہ ڈالر ریٹ پر بیرونی قرضوں پر سود کی ادائیگی ایک ٹریلین روپے تک رہ سکتی ہے، حکومت مجموعی طور پر ڈیبٹ سروسنگ کی مد میں 7.5 ٹریلین روپے مختص کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، وزیر خزانہ اسحاق ڈار 9 جون کو بجٹ پیش کرنا چاہتے ہیں۔

## ٹیکس گوشوارے بروقت جمع کرانے والوں کیلئے پرکشش مراعات کی تجویز

اسلام آباد(بزنس ڈیسک) نئے وفاقی بجٹ میں بروقت ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کو پرکشش مراعات دینے کی تجویز ہے جبکہ جو ٹیکس گزار سال میں 90 فیصد سیلز اور پرچیز مکمل طور پر دستاویزی کرینگے انہیں انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس دونوں میں رعایت دینے کا امکان ہے۔ حکومت کو 9200 ارب روپے کے مجوزہ ریونیو ٹارگٹ کو حاصل کرنے کیلئے نہ صرف نئے ٹیکس لگانا پڑیں گے بلکہ موجودہ ٹیکسوں کے ریٹ بڑھانا ہونگے۔ سال 2023 عام انتخابات کا سال ہے اس لئے حکومت کو یہ بھی مجبوری ہے کہ وہ ٹیکس گزاروں پر بہت زیادہ بوجھ نہ ڈالے اس کا مناسب حل اور علاج خرید وفروخت میں کمپیوٹرائزڈ نیشنل شناختی کارڈ کا استعمال ہے۔ ڈاکومنٹیشن آف اکانومی ہے اور براڈننگ آف ٹیکس بیس کرنا ہوگی اس کے ساتھ حکومت کو اپنا ٹیکس انٹیلی جنس سسٹم زیادہ موثر فعال اور ایکٹو بنانا ہوگا تاکہ لوگوں کی سالانہ آمدنی اور ٹیکس کی تشخیص ان کے لائف سٹائل سے کی جاسکے گی دیکھا یہ گیا ہے کہ لوگ کروڑوں روپے کے گھر میں رہتے ہیں۔ کروڑوں روپے مالیت کی گاڑی میں گھومتے ہیں۔ سال میں اپنی فیملی فرانس لیکر بیرون ملک فضائی سفر اور ہوٹلوں میں قیام کرتے ہیں مگر ان کا ادا کردہ ٹیکس ان کے لائف سٹائل سے میچ نہیں کرتا۔

## شرح سود، سیلز ٹیکس کو سنگل ڈیجٹ، سی وی ٹی اور 7 ای جیسے ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے' پری بجٹ سیمینار

لاہور(بزنس ڈیسک) شرح سود، سیلز ٹیکس کو سنگل ڈیجٹ کیا جائے، سی وی ٹی اور 7 ای جیسے ٹیکسز کا خاتمہ کیا جائے، ایف بی آر کو کچھ تجاویز ارسال کی ہیں اور مزید ارسال کر رہے ہیں، امید ہے آئندہ بجٹ میں انہیں زیر غور لایا جائے گا۔ پاکستان ٹیکس بار اور لاہور ٹیکس بار ایسوسی کے اشتراک سے پری بجٹ سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس میں چیف کمشنر ایل ٹی او ایف بی آر میر بادشاہ وزیر نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ سیمینار کی صدارت پاکستان ٹیکس بار کے صدر رانا منیر حسین صدر اور لاہور ٹیکس بار کے صدر زاہد پرویز نے کی۔ اس موقع پر سابق صدور پاکستان ٹیکس بار ایسوسی ایشن محمد نعیم شاہ، شہباز بٹ، ٹیپو سلطان، عامر یونس، قمرالزمان چودھری، اعجاز بھٹی سمیت دیگر شریک ہوئے پاکستان ٹیکس بار کے صدر رانا منیر حسین اور لاہور ٹیکس بار کے صدر زاہد پرویز سمیت دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ مشکل معاشی حالات میں پیش کیا جانے والا بجٹ انتہائی اہمیت کا حامل ہوگا، نئے ٹیکسز لگانے کی بجائے ٹیکس بیس کو بڑھایا جائے، سیاسی استحکام کے بغیر معاشی استحکام ممکن نہیں اس کے لئے پیشرفت کی جائے۔ حکومت اسٹیک ہولڈرز، سرمایہ کاروں، چیمبرز اور ٹیکس بارز سے مل کر پالیسیاں مرتب کرے۔ شرکاء نے کہا کہ ملک بھر سے ٹیکس بارز کے عہدیداران وممبران کی شرکت اس بات کی غمازی کرتی ہے کہ ہم لوگ ملک میں معاشی استحکام اور ملک کی ترقی اور بہتر ٹیکس نظام چاہتے ہیں۔

## راست اکاؤنٹ استعمال کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ

کراچی (نیوز ڈیسک) ملک میں راست اکاؤنٹ استعمال کرنے والوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ، پوائنٹ آف سیل کے ذریعے لین دین کی تعداد میں بھی اضافہ، کاغذی لین دین میں کمی، اسٹیٹ بینک کے مطابق آن لائن فنڈز کی منتقلی کے لیے راست استعمال کرنے والے صارفین کی تعداد 2 کروڑ 92 لاکھ تک پہنچ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق پیر 29 مئی کو اسٹیٹ بینک نے نظامِ ادائیگی کا تیسرا سہ ماہی جائزہ جاری کردیا اس جائزہ میں جنوری تا مارچ 2023ء کی مدت کا احاطہ کیا گیا ہے۔ جائزے میں ادائیگیوں کے ایکوسسٹم پر جامع تجزیہ پیش کیا گیا اور اہم پہلوؤں پر روشنی ڈالی گئی ہے، اسٹیٹ بینک رپورٹ کے مطابق بینکوں اور فنٹیک کمپنیوں کے درمیان بڑھتے ہوئے تعاون نے صارفین کے لیے موثر، قابل رسائی اور باسہولت ڈیجیٹل ادائیگیوں کا پلیٹ فارم مہیا کیا ہے۔

## ایف بی آر کا کم سے کم ٹیکس رجیم کے تحت کمرشل امپورٹرز کی ٹیکس شرح میں اضافے پر غور

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) انڈر انوائسنگ سے بچنے کے لیے آئندہ بجٹ برائے 2023-24 میں کم سے کم ٹیکس رجیم (ایم ٹی آر) کے تحت کمرشل امپورٹرز کی شرح میں اضافے پر غور کر رہا ہے۔ ریونیو اینڈ ریسورس موبلائزیشن کمیشن (آر آر ایم سی) نے اپنی رپورٹ میں حکومت کو سفارش کی ہے کہ تجارتی درآمد کنندگان فی الحال (بارہویں شیڈول کے حصوں تین اور دو کے تحت آنے والے سامان پر انحصار کرتے ہوئے) ساڑھے پانچ فیصد یا ساڑھے تین فیصد پر ایم ٹی آر کے تابع ہیں۔ یہ شرحیں (30 فیصد کی اوسط ٹیکس کی شرح پر) گیارہ سے اٹھارہ فیصد کے درمیان خالص منافع کے مارجن کی عکاسی کرتی ہیں۔

پیپر بزنس کے سالانہ خریدار بننے اور سیمپل کاپی کیلئے ابھی رابطہ کریں۔
0308-2933229



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# یکم جولائی سے ایکسل لوڈ مینجمنٹ کا نظام مکمل نافذ ہوگا

## آگاہی مہم چلائی جائے گی، وارننگ کے بعد اوورلوڈنگ پر چالان ہونگے' صوبائی وزیر صنعت تجارت ایس ایم تنویر

لاہور (نیوز ڈیسک) صوبائی وزیر صنعت، تجارت وتوانائی ایس ایم تنویر کی زیرصدارت سول سیکرٹریٹ میں اجلا ہوا جس میں ایکسل لوڈ مینجمنٹ رجیم کے نفاذ کے امور کا جائزہ لیا گیا اوورلوڈنگ کے حوالے سے ایک ماہ تک بھرپور آگاہی مہم چلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ اجلاس میں یکم جولائی 2023 سے ایکسل لوڈ مینجمنٹ کے نظام کے مکمل نفاذ کا فیصلہ کیا گیا۔ صوبائی وزیر ایس ایم تنویر نے کہا کہ اوورلوڈنگ پر گاڑیوں کے چالان ہوں گے، صوبے کی سڑکوں کو ٹوٹ پھوٹ سے بچانے کیلئے ایکسل لوڈ مینجمنٹ رجیم کا نفاذ ناگزیر ہے، ، متعلقہ ادارے اسٹیک ہولڈرز کو اس حوالے سے بھرپور آگاہی دیں، پہلے اوورلوڈنگ کرنے والوں کو وارننگ دی جائے گی، پھر چالان ہوگا۔ پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ کے تعاون سے سڑکوں پر نصب اوزان کی پیمائش کے کانٹوں کی رجسٹریشن کی جارہی ہے۔ پرائیویٹ وئنگ اسٹیشنز کو گورنمنٹ کے ڈیٹا بیس کے ساتھ منسلک کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر نے سڑکوں پر اوورلوڈنگ گاڑیوں کے حوالے سے مکمل سٹڈی کرانے کا حکم دیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ پی آئی ٹی بی کے ذریعے چالان اور اس کی ادائیگی کا آن لائن نظام وضع کرلیا گیا ہے۔ اجلاس میں ایڈیشنل سیکرٹری صنعت و تجارت، ایڈیشنل سیکرٹری ٹرانسپورٹ، چیئرمین پی آئی ٹی بی، ڈی جی انڈسٹریز اور متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔

# منی بجٹ کے ٹیکسز آئندہ بجٹ میں برقرار رکھنے کا فیصلہ

وفاقی حکومت نے آئی ایم ایف کے مطالبے پر منی بجٹ کے ٹیکسز آئندہ بجٹ میں برقرار رکھنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اور ذرائع کا کہنا ہے کہ فروری میں عائد کئے گئے 177 ارب روپے کے ٹیکسز آئندہ وفاقی بجٹ 24 - 2023 میں برقرار رہیں گے۔ ذرائع کے مطابق منی بجٹ کے ٹیکسز برقرار رہنے سے حکومت کو 500 ارب روپے کی اضافی آمدنی ہوگی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ آئندہ بجٹ میں سیلز ٹیکس کی شرح کو 18 فیصد پر برقرار رکھا جائے گا، اور لگژری اشیاء پر 25 فیصد سیلز ٹیکس بھی برقرار رہے گا۔ ذرائع کے مطابق بجٹ میں نان فائلرز کی کڑی نگرانی کا فیصلہ کیا گیا ہے، اور نان فائلرز سے لین دین کرنے والوں کی بھی ماں یٹرنگ ہوگی، جب کہ ٹیکس چوروں کے خلاف آرٹیفیشل انٹیلی جنس استعمال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیکس نظام کو ڈیجیٹلائز کر کے ٹیکس آمدن بڑھائی جائے گی، ایف بی آر کو ٹیکس فائلرز کی تعداد بڑھانے کا بھی ہدف دیا گیا ہے۔

# حیدرآباد: جعلی کمپنیوں پر اربوں روپے کی ٹیکس چوری کا انکشاف

کراچی (نیوز ڈیسک) ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن ان لینڈ ریونیو حیدرآباد نے جعلی شاختی کارڈ پر بنائی جانے والی کمپنی پر اربوں روپے کی ٹیکس چوری بے نقاب کرتے ہوئے ایک ممتاز نامی ملزم کو گرفتار کر کے عدالت سے ریمانڈ حاصل کرلیا ہے تا کہ مزید تفتیش کی جاسکے۔ ذرائع نے بتایا کہ گرفتار شخص سے تفتیش کے دوران انکشاف ہوا کہ ملزم کی جانب سے دانش کے شناختی کارڈ پر میسرز شیزان انٹر پرائزز نامی ایک کمپنی قائم کی گئی جس پر گذشتہ کئی عرصہ سے کاروبار کیا جارہا تھا ڈائریکٹوریٹ آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن کے ڈائریکٹر حیدرآباد، لال محمد خان نے ایڈیشنل ڈائریکٹر ممتاز علی تھیبو کی سربراہی میں ایک ٹیم تشکیل دی جس نے مالیاتی ریکارڈ تندہی سے جانچ پڑتال کی، تحقیقات سے ٹیکس چوری کی ایک منظم نیٹ ورک کا انکشاف ہوا۔ جس میں مالی لین دین میں جان بوجھ کر ہیرا پھیری، جعلی کے اجراء اور رسید اور فلائنگ انوائسز کے لئے مختلف شناختی کارڈ کا استعمال کر کے اربوں روپے کی ٹیکس چوری کی گئی۔ واضح رہے کہ فیڈرل ٹیکس محتسب نے حال ہی میں ٹیکس حکام کے اندر نمایاں نااہلیوں کو بے نقاب کیا ہے، جس میں جعلی کمپنیوں کے وجود کا انکشاف ہوا ہے جو 2008 سے رجسٹرڈ اور کام کررہی ہیں۔ یہ جعلی کمپنیاں چوری شدہ کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈز کا استعمال کرتے ہوئے فیڈرل بورڈ آف ریونیو میں رجسٹرڈ تھیں۔ یہ تحقیقات ایک تنخواہ دار شخص غازی حماد حیدر کی جانب سے درج کرائی گئی شکایت کے بعد شروع کی گئی تھی، جس کا اصل شناختی کارڈ 17 جولائی 2007 کو اس کے موبائل فون کے ساتھ چوری ہوگیا تھا۔ شکایت کے بروقت درج کرنے اور ایف بی آر کی متعلقہ فیلڈ فارمیشنز کے بعد میں نوٹیفکیشن کے باوجود، کوئی اصلاحی اقدامات نہیں کیے گئے، اور بیرونی دھوکہ بازوں اور ان کے اندرونی ساتھیوں کی نہ تو شناخت کی گئی اور نہ ہی ان کا پیچھا کیا گیا۔ چوری شدہ شناختی کارڈ فرضی کاروباری اداروں کو قائم کرنے، ان لینڈ ریونیو کے ذریعے انکم ٹیکس کے لیے رجسٹرڈ کرنے، سیلز ٹیکس رجسٹریشن حاصل کرنے، بینک اکاؤنٹس کھولنے اور جعلی انکم ٹیکس اور سیلز ٹیکس ریفنڈز فائل کرنے کے لیے استعمال کیا گیا۔ یہاں تک کہ فراڈ کرنے والے ان لیند ریونیو میں ٹیکس دہندگان کی پروفائل انکوائری کے اندر ایک فعال اور آپریشنل حیثیت کو برقرار رکھنے میں کامیاب رہے، جو ایف بی آر کی خامیوں کو ظاہر کرتا ہے۔ جعلساز کمپنیاں کاروباری لین دین کرتی تھیں اور جعلی بینک اکاؤنٹس چلاتی تھیں۔ انہوں نے 2008 سے سالانہ انکم ٹیکس گوشوارے اور 2012 سے ماہانہ سیلز ٹیکس گوشوارے جمع کرائے، جس سے انتظامیہ اور فرائض اور ذمہ داریوں کی ادائیگی میں غفلت و نااہلی کا پردہ فاش ہوا۔ ایف ٹی او کی رپورٹ کے جواب میں آر ٹی او ٹو کراچی کے چیف کمشنر نے تحقیقات کی اور 05 اپریل 2023 کو اس معاملے پر تفصیلی رپورٹ پیش کی۔ چیف کمشنر کے مطابق جعلی کمپنیوں کی فزیکل تصدیق کی گئی۔

### سیاسی کشمکش جاری رہی تو روپیہ مزید گر جائیگا، بلوم برگ کا انتباہ

کراچی (نیوز ڈیسک) امریکی جریدے بلوم برگ نے خبردار کیا ہے کہ پاکستان میں موجودہ سیاسی کشمکش جاری رہی تو تو پاکستانی روپیہ مزید گر جائے گا، رپورٹ کے مطابق پاکستان سے سرمایہ بیرون ملک منتقل ہو رہا ہے، معاملہ عمران خان کی گرفتاری کے بعد مزید بگڑ گیا ہے، آئی ایم ایف کے ساتھ قرض ڈیل نہ ہونے کے خدشات بھی بڑھ رہے ہیں، سیاسی خلفشار قرض معاہدے پر پیشرفت میں رکاوٹ کی وجہ ہوسکتا ہے۔

### جی ڈی پی کم ترین سطح 0.29 فیصد پر رہی

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) مالی سال 23-2022 کے دوران پاکستان کی بنیادی شرح پیداوار کم ترین سطح پر اور 0.29 فیصد پر برقرار رہنے کا امکان ہے، جبکہ اس کے مقابلے میں گزشتہ مالی سال کے دوران نظر ثانی شدہ شرح پیداوار 6 اعشاریہ ایک فیصد تھی۔ رواں برس جی ڈی پی کا اصل ہدف 5 فیصد تھا تاہم یہ مثبت 0.29 فیصد تک رہی۔ ترقی کی اس کم ترین سطح سے غربت اور بے روزگاری بڑھے گی تاہم سرکاری طور پر ان دونوں کے اعداد وشمار کے بارے میں کچھ نہیں بتایا گیا ہے۔ رواں مالی سال کے دوران جی ڈی پی کا حجم 38.927 کھرب روپے رہا جبکہ گزشتہ مالی سال کے دوران یہ 38.814 کھرب تھا۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 725-426-111

# کراچی میٹروپولیٹن کارپوریشن کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر:
CM/MS/KMC/S&P/37/21/2022-23
کمپیوٹر پیپر سائز 11x15، برائے ویلفیئر ڈپارٹمنٹ، تعداد: 85 بکس
کمپیوٹر پیپر سائز 11x15، برائے کمپیوٹر سیکشن، تعداد: 25 بکس
کمپیوٹر پیپر سائز 11x15، برائے پے رول ڈپارٹمنٹ، تعداد: 60 بکس
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء
برائے رابطہ: ڈائریکٹر (کنٹریکٹ مینجمنٹ) آفس، میونسپل سروسز ڈپارٹمنٹ، دوسری منزل، کمرہ نمبر 19، مین کے ایم سی بلڈنگ، ایم اے جناح روڈ، کراچی۔ فون: 021-99215795

# سندھ انٹیگریٹڈ ایمرجنسی کو پرنٹڈ اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 83-2023
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء
برائے رابطہ: سپلائی چین ڈپارٹمنٹ، پلاٹ نمبر 43-15/K بلاک-6، پی ای سی ایچ ایس، کراچی۔
فون: 111-111-823 EXT:2022

# واٹر اینڈ سینی ٹیشن ایجنسی کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: LPW#1275
بل فارمز، A4 سائز، کی پرنٹنگ اور سپلائی
تعداد: 960 باکس۔ فی باکس 4500 بل فارم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 15 جون 2023ء
برائے رابطہ: آفس ڈپٹی ڈائریکٹر (پروکیورمنٹ اینڈ اسٹور ڈویژن)، WASA، فیصل آباد۔

# پبلک سیکٹر ادارے کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

کمپیوٹر پیپر A4 اور لیگل سائز، ڈپلیکیٹنگ پیپر A4 اور لیگل سائز۔
ٹائپنگ پیپر A4 اور لیگل سائز، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 جون 2023ء
برائے رابطہ: پی او بکس نمبر 7466، جی پی او، صدر، کراچی۔

# کنٹرولر ملٹری اکاؤنٹس کا پیپر و اسٹیشنری کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 300 ریم
پیپر لیگل F4 سائز، 80 گرام، 100 ریم
کمپیوٹر پیپر پارٹ I، II & VI۔ اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 12 جون 2023ء
برائے رابطہ: ایڈمن سیکشن آفس سی ایم کمپلیکس، لاہور۔
فون: 042-99220361

# کرن اسپتال کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: Proc-08(66)/2022-23




لفافوں اور فولڈرز کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 جون 2023ء
برائے رابطہ: اکاؤنٹس ڈپارٹمنٹ، کراچی انسٹی ٹیوٹ آف ریڈیو تھیراپی اینڈ نیوکلیئر میڈیسن (KIRAN)، نزد صفورا چوک، یونیورسٹی روڈ، کے ڈی اے اسکیم 33، گلزار ہجری، کراچی۔
فون: 021-99261601-04 EXT:226

# انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی کا اسٹیشنری و پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 9 جون 2023ء
برائے رابطہ: ڈپٹی ڈائریکٹر (ایڈمن) آفس، قذافی اسٹیڈیم، لاہور۔
فون: 042-99232229

# گورنمنٹ میونسپل کالج کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 753
پراسپیکٹس کی پرنٹنگ۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 10 جون 2023ء
برائے رابطہ: کالج آفس، جڑانوالہ روڈ، فیصل آباد۔
فون: 041-9220283

# پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ بورڈ کا پیپر، پرنٹنگ و اسٹیشنری کا ٹینڈر

کمپیوٹر پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 5000 ریم
کمپیوٹر پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 2000 ریم
فوٹو اسٹیٹ پیپر A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 6500 ریم
ٹشو پیپر روز پیٹل، تعداد: 16000 بکس
ٹشو پیپر پوپ۔اپ روز پیٹل، تعداد: 2000 بکس
ٹشو پیپر رول روز پیٹل، تعداد: 3000 رول
ہائی جین ٹشو پیپر روز پیٹل، تعداد: 2000
اسٹیشنری آئٹمز۔ پرنٹنگ آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 8 جون 2023ء
برائے رابطہ: سیکشن آفیسر (جنرل)، آفس نمبر 211، پہلی منزل، لاہور۔
فون: 042-99210307

# پی آئی اے فیصل آباد کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: LYP/SCM/Stationery/23/1
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 13 جون 2023ء
برائے رابطہ: سپلائی چین مینجمنٹ سیکشن، ایئرپورٹ، فیصل آباد۔
فون: 041-9201604

# تھل یونیورسٹی بھکر کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

جوابی کاپی مڈٹرم (16 صفحات)، تعداد: 25000 کاپی
جوابی کاپی فائنل ٹرم (30 صفحات) تعداد: 25000 کاپی
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 9 جون 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز آفیسر، بھکر۔
فون: 0453-9200070

# اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور کا پیپر کا ٹینڈر

پیپر A4 سائز، 70 گرام، آئی کے برانڈ، تعداد: 700 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 جون 2023ء
برائے رابطہ: پرچیز سیکشن، ٹریژرار آفس، عباسیہ کیمپس، بہاولپور۔
فون: 062-9250245 / 9250328

# پی آئی اے کے پیپر و اسٹیشنری کے ٹینڈرز

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: DGMPC/Staionary 2022-23
اسٹیشنری آئٹمز
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 جون 2023ء
برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، پہلی منزل، سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پی آئی اے سی ایل، ایئرپورٹ، کراچی۔
فون: 021-99043304

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-22010073
آفسیٹ پیپر وائٹ امپورٹڈ، سائز 90,23x36 گرام، تعداد: 265 ریم

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر: PR-22010068
آفسیٹ پیپر وائٹ امپورٹڈ، سائز 90,20x30 گرام، تعداد: 200 ریم
ٹینڈرز کلوزنگ کی تاریخ: 5 جون 2023ء
برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن، کراچی۔
فون: 021-99045137

☆ ٹینڈر حوالہ نمبر:
DGMPC/F4(Legal)Paper IMP/2022-23
F4 لیگل سائز پیپر، امپورٹڈ/لوکل، 80 گرام، تعداد: 450 ریم
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 5 جون 2023ء
برائے رابطہ: کمرشل پرچیز سیکشن، پہلی منزل، سپلائی چین مینجمنٹ ڈپارٹمنٹ، پی آئی اے سی ایل، ایئرپورٹ، کراچی۔
فون: 021-99043304


یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## کے پی ٹی ٹیرف چارجز 20 سینٹ بڑھا رہے ہیں، فیصل سبزواری

کراچی (بزنس ڈیسک) وفاقی وزیر برائے بحری امور فیصل سبزواری نے کہا ہے کہ کے پی ٹی کے مالیاتی وسائل بہت محدود ہوگئے، اس لئے اب ٹیرف چارجز 60 سینٹ سے بڑھا کر 80 سینٹ کر رہے ہیں جس سے صنعتکاروں کی پیداواری لاگت میں صرف 1.5 فیصد کا معمولی اضافہ ہوگا۔ ابوظہبی سمیت دیگر گلف ممالک سے 50 کروڑ ڈالر کا معاہدہ ہونے جا رہا ہے۔ بین الحکومتی معاہدے کی پالیسی مرتب کرلی ہے جس کی سمری پیر 28 مئی کو وزارت قانون کو ارسال کی جائے گی۔ سمری منظور ہونے کی صورت میں آئی ایم ایف کی شرائط کے مطابق براہ راست غیر ملکی سرمایہ کاری آئے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے ہفتہ 28 مئی کو کورنگی ایسوسی ایشن آف ٹریڈ اینڈ انڈسٹری (کاٹی) میں منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر کاٹی کے صدر فراز الرحمان، نائب سرپرست اعلیٰ زبیر چھایا، سینیٹر عبدالحسیب خان، سینئر نائب صدر نگہت اعوان، نائب صدر مسلم محمدی، چیئرمین پورٹ قاسم اتھارٹی ریئر ایڈمرل (ر) ناصر شاہ، سی ای او کائیٹ لمیٹڈ زاہد سعید، سابق صدور مسعود نقی، گلزار فیروز، جوہر قندھاری، دانش خان، شیخ عمر ریحان، سید فرخ مظہر، ایڈمنسٹریٹر کورنگی محمد شریف خان و دیگر موجود تھے۔ وفاقی وزیر برائے بحری امور نے مزید کہا کہ پاکستان اور متحدہ عرب امارات کے ساتھ جی ٹو جی ایکٹ کے تحت کام کر رہے ہیں، جس میں بلک ٹرمینلز سمیت تین منصوبوں پر کام جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ پورٹ قاسم میں 1250 ایکڑ اراضی پر انڈسٹریل پارکس قائم کیئے جائیں گے، جہاں بیرونی سرمایہ کار انڈسٹریل پارکس میں سرمایہ کاری کی دلچسپی رکھتے ہیں انہیں سہولیات فراہم کرے گی۔

## سیلز ٹیکس اور جعلی انوائسز سے اربوں کی ٹیکس چوری کا منظم گروہ بے نقاب

